نیلگوں آسمان پہ آہستہ آہستہ سرمئی اندھیرا چھا رہا تھا۔۔۔۔۔۔جس وقت وہ واپس حویلی پہنچی اس وقت شام کے سائے گہرے ہو چکے تھے اس نے حویلی کے اندر قدم رکھا تو ویرانی اور خاموشی نے اس کا استقبال کیا اس کے قدم اسے بھاری محسوس ہو رہے تھے جیسے وہ ایک لمحے میں بہت لمبا سفر طے کر آئی ہو اپنی انا کا بھرم قائم رکھتے رکھتے وہ بالکل تھک چکی تھی وہ تھکے تھکے سے انداز میں چادر اتار

WWW.NOVELSCLUBB.COM

کے صوفے پہ رکھتے صوفے پہ ڈھ گئی۔۔۔۔۔۔پشت صوفے کے ساتھ ٹکا کے وہ خالی خالی نظروں سے حویلی کے ویران درودیوار کو دیکھ کے رہ گئی ۔۔۔۔۔۔اس کے ذہن میں بار بار۔۔۔۔۔۔زرشاہ کے الفاظ گردش کررہے تھے وہ یہ سوچ کے رہ گئی کہ کیا واقعی ہی یہ دونوں رشتے ختم ہو جائیں گے۔۔۔۔۔اسی لمحے اسے اپنے پیچھے کسی کی موجودگی کا احساس ہوا تو اس نے گردن ذرا ترچھی کرکے پیچھے دیکھا

پیچھے ضرار دونوں بازو سینے پہ لپیٹے اسے دیکھ رہا تھا المظ نے رخ موڑ لیا۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"کدھر گیا تھا تم۔۔۔۔۔۔"؟

وہ چلتا چلتا بالکل اس کے سامنے آ کے کھڑا ہو گیا۔۔۔۔

وہ تفتیش نہیں کر رہا تھا وہ عام سے لہجے میں سر سری سا پوچھ رہا تھا۔۔۔۔

"زر شاہ طلاق چاہتا ہے تم سے۔۔۔۔"

اس نے بغیر کسی لگی لپٹی کے تپش بھرے لہجے میں کہتے ہوئے کچھ دیر رک کے اس کے تاثرات دیکھے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اس کے چہرے کی جوت فوراً بجھ گ ئی تھی۔۔۔۔

لیکن فوراً خود کو سنبھال کے اس نے تیوری چڑھا کے اسے دیکھا۔۔۔۔

"تم دراب خان کے گھر گ ئی تھی۔۔۔۔۔"؟

اس نے اس کی بات کو نظرانداز کرتے ہوئے ذراسرد لہجہ اپنایا

اس کے لہجے کی کپکپاہٹ المظ سے مخفی نہ رہ سکی۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"ہاں گیا تھا ہم۔۔۔۔"

المظ نے نظریں چرائی ی۔۔۔۔

وہ اس کے قریب ہی صوفے پہ بیٹھا گیا

المظ نے گردن ترچھی کر کے اسے دیکھا۔۔۔۔

"تم دے سکتا ہے زرشاہ کو طلاق۔۔۔۔۔"؟

www.novelsclubb.com

وہ اس سے سوال نہیں پوچھ رہی تھی

تصدیق چاہ رہی تھی

جواب میں ضرار محض اس کا چہرہ دیکھ کے رہ گیا ضرار کے پاس کوئی ی جواب نہیں تھا۔۔۔۔۔

♥♥♥♥♥♥

www.novelsclubb.com

"پلوشہ بھابھی ام تم کو کہہ چکا ہے ام تمہارے بھائی ی سے شادی نہیں کرنا چاہتا پھر تم کیوں زبردستی کرنا چاہتا ہے۔۔۔۔۔۔"

اس نے پلٹ کے صوفے پہ بیٹھی ناراض سی پلوشہ بھابھی کو دیکھتے ہوئے جھنجھلا کے کہا

''کیوں تم کیوں نہیں کرنا چاہتا کیا کمی ہے سیماب خان میں۔۔۔۔۔''؟

اس دفعہ مورے نے کچھ خفگی بھرے لہجے میں کہا تھا۔۔۔۔۔

''اس میں کمی نہیں ہے مورے لیکن ام اسے نہیں پسند کرتا ہے۔۔۔۔۔ تم تو جانتا ہے۔۔۔۔۔''

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM

اس نے مورے کے قدموں میں بیٹھتے ہوئے انہیں قائل کرنے کی کوشش کی۔۔۔۔۔

"تم جسے پسند کرتا ہے وہ کسی اور کا شوہر ہے۔۔۔۔۔"

کمرے کے پاس سے گزرتے۔۔۔۔۔۔ ضرار خان کی سماعتوں سے یہ الفاظ ٹکرائے تو اس کے قدم وہی تھم گئے۔۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"اس کا طلاق ہونے والا ہے۔۔۔۔۔۔۔"

WWW.NOVELSCLUBB.COM

اب کی بار گل مینے نے تیز لہجے میں کہا

توپلوشہ بھابھی کے ساتھ ساتھ مورے نے بھی آنکھیں پھاڑ کے اسے دیکھا۔۔۔۔۔

"ہاں ام نے اپنے کانوں سے سنا ہے المظ نے ضرار کو بتایا ہے کہ زرشاہ ضرار خان سے طلاق چاہتا ہے۔۔۔۔۔۔"

www.novelsclubb.com

ضرار مٹھیاں بھینچے اس کی گفتگو سن رہا تھا۔۔۔۔۔

"تو گل مینے کہیں زہر بھی تو تم نے خود نہیں پیا تھا دیکھو۔۔۔۔۔۔"

محتاط نظروں سے ادھر ادھر دیکھ کے انہوں نے بات ذرا مدہم آواز میں جاری رکھی تھی۔۔۔۔۔

"اگر تم نے کوئی ایسا حرکت کیا ہے تو ام کو بتادو کیونکہ کچھ وقت بعد ضرار خان بات کی تہہ تک پہنچ جائے گا پھر تمہارے ساتھ بہت برا ہو گا۔۔۔۔" اگرام کو پتہ ہوا تو شاید ام بات سنبھال لے

www.novelsclubb.com

انہوں نے اسے وارن کرتے ہوئے کہا

توگل مینے نے پرسوچ نگاہوں سے انہیں دیکھا۔۔۔۔۔

"ہاں ام نے خود پیا تھا۔۔۔۔زرشاہ نے نہیں دیا تھا۔۔۔۔ام کسی بھی قیمت پہ اسے ادھر سے نکالنا چاہتا تھا اگر ضرار خان محبت اماری تھی تو اس پہ حق بھی امارہ ہے۔۔۔۔۔"

جو آخری بات ضرار خان نے اپنے خوش وحواس میں سنی تھی وہ گل مینے کے زہریلے الفاظ تھے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اسے محسوس ہوا جیسے وہ ذمین میں گڑھ گیا ہے۔۔۔

♥♥♥♥♥♥

#تو_جو_ہمدرد_ہوا_میرا

#ایمان_خان

#قسط_13

---------------------------------------

www.novelsclubb.com

دھڑام سے دروازہ کھلتے ہی سامنے کھڑی شخصیت کو دیکھ کے گل مینے کی روح فنا ہو گئی تھی۔۔۔۔۔۔وہ سہم کے اٹھ کھڑی ہوئی ی پھر ایک سہمی نظر سامنے موجود شخص کے چہرے پہ ڈالی جس کی کنپٹی کی رگیں تنی ہوئی ی تھی دونوں

WWW.NOVELSCLUBB.COM

ہونٹوں کو سختی سے آپس میں پیوست کیے وہ کھڑا تھا یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے اس کے جسم کا تمام خون اس کے چہرے پہ سمٹ آیا ہے۔۔۔۔۔۔اس سے پہلے کہ وہ گل مینے کی سمت کوئی پیش رفت کرتا گل مینے نے مورے کے پیچھے چھپ جانے میں ہی عافیت جانی۔۔۔۔۔۔۔جو پہلے سے اپنے بیٹے کے تاثرات دیکھ کے سہمی ہوئی دیکھائی دے رہی تھی۔۔۔۔۔۔پلوشہ بھابھی کی حالت بھی کچھ ایسی ہی تھی۔۔۔۔۔

ضرار دو قدم آگے بڑھا پھر تمام لحاظوں کو بالائے طاق رکھ کے اس نے بے دردی سے گل مینے کا بازو کھینچ کے اپنے قریب کیا۔۔۔۔۔

"تم نے میری بیوی پہ الزام لگایا۔۔۔۔۔۔۔"؟

www.novelsclubb.com

اس نے ایک ایک لفظ پہ ذور دینے کے ساتھ اپنی گرفت بھی مضبوط کی تو اس کے دونوں ناخن گل مینے کے بازو میں پیوست ہو گ ئے۔۔۔۔۔۔

وہ کراہ کے رہ گ ئی۔۔۔۔

لیکن سامنے موجود شخص کی آنکھوں میں بے رحمی اور سفاکیت واضح تھی۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"ہاں لگایا میں نے الزام۔۔۔۔۔"

WWW.NOVELSCLUBB.COM

یہ درد اب نا قابل برداشت تھا اس لیے اس نے گردن کو یہاں وہاں موڑتے ہوئے تکلیف کے زیر اثر کہا تو ضرار خان کی آنکھوں میں جیسے خون اتر آیا۔۔۔۔۔

"تمہاری ہمت کیسے ہوئی ی میں تمہاری جان لے لوں گا۔۔۔"

وہ غصے میں پاگل ہو رہا تھا

اس کو بازو سے پکڑ کے تقریباً گھسیٹ کے باہر لے کے جانے لگا جب گل مینے نے سختی سے اپنا بازو چھڑوایا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

”تمہارا وجہ سے ہوا امارا ہمت اگر تم کو اتنا ہی اعتبار تھا اپنی بیوی پہ تو تم نے امارا بات کیوں سنا؟ کیوں یقین کیا امارا بات کا“؟

اب وہ کھل کے میدان میں اتری تھی۔۔۔۔

شور سن کے آغا جان اور شیراز خان بھی اس طرف آگۓ تھے

المنظ البتہ داخلی دروازے کے پاس کھڑی سوالیہ نظروں سے ضرار خان کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

www.novelsclubb.com

آغا جان سوالیہ نظروں سے کبھی گل مینے کبھی ضرار خان کو دیکھ رہے تھے

”ام پوچھ سکتا ہے کہ یہ سب کیا تماشہ ہو رہا ہے۔۔۔۔“

آغا جان کی کڑک دار آواز گونجی تو ضرار خان محض گل مینے کو گھور کے رہ گیا۔۔۔

جو زخمی شیرنی کی طرح اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔

مورے نے بات سنبھالنے کی غرض سے فوراً ساری بات آغا جان کے گوش گزار کی۔۔۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM

تو وہ پر سوچ نظروں سے ضرار کو دیکھنے لگے۔۔۔

جواب پہلے کی نسبت ٹھنڈا دیکھائی دے رہا تھا۔۔۔

''تم کو کیا لگتا ہے تمہارے اور زرشاہ کے درمیان جو کچھ بھی ہوا ہے اس کا ذمہ دار گل مینے ہے، المظ ہے''

ایک نظر المظ کو دیکھا تو وہ سر جھکا گئی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ضرار نے کچھ کہنے کے لیے منہ کھولا ہی تھا کہ آغا جان نے ہاتھ کے اشارے سے اسے خاموش کروا دیا۔۔۔

"بہت بول چکے ہو تم بہت سن چکے ام۔۔۔۔۔اب ام بولے گا اور تم سنو گے۔۔۔۔۔۔"

وہ رعب دار لہجے میں بولے۔۔۔۔۔

ضرار کا سر مزید جھک گیا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"عورت نا سمجھ ہو تو چل جاتا ہے لیکن مرد نا سمجھ ہو تو نسلیں تباہ ہو جاتی ہیں۔۔۔۔۔۔"

WWW.NOVELSCLUBB.COM

اللہ نے مرد کو حاکم کیوں بنایا ہے طلاق کا اختیار اسے کیوں دیا ہے۔۔۔۔۔۔“؟

کیونکہ مرد میں عورت کی نسبت برداشت زیادہ ہے اللہ نے اسے نگہبان اور حاکم اس لیے بنایا ہے کیونکہ اس کے اندر صلاحتیں رکھی ہیں عورت میں یہ صلاحیتیں نہیں ہیں۔۔۔۔۔۔“

لیکن اگر مرد ہی اس قدر جذباتی ہو جائے۔۔۔۔۔اور اپنی بیوی کی حفاظت نہ کر سکے ذرا ذرا سی بات پہ اپنی عورت کو ذلیل کر کے رکھ دے۔۔۔۔۔۔۔۔تو کیا وہ حاکم ہوا۔۔۔۔۔“؟وہ تو مرد بھی نہ ہوا۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ضرار خان چلو ام مان لیتا ہے گل مینے نے غلط کیا الزام لگا کہ لیکن اس کی بات کا یقین کس نے کیا۔۔۔۔"؟ تم نے۔۔۔"

انہوں نے اس کی طرف اشارہ کر کے اسے آئی ینہ دیکھایا۔۔۔

"اس نے الزام لگایا یہ تو نہیں کہا کہ ہاتھ سے پکڑ کے اسے گھر سے باہر نکال دو تم۔۔۔۔"

www.novelsclubb.com

اگر خاوند بیوی کا رشتہ اس قدر ناپائی یدار ہوا تو وہ رشتہ تو نہ ہوا۔۔۔۔۔"

انہوں نے افسوس سے اسے دیکھ کے نفی میں سر ہلا یا۔۔۔

"اور یہ تمہارا اور زر شاہ کا آپس کا معاملہ ہے اگر تم کو لگتا ہے تم اس کا خیال رکھ سکتا ہے اس کے ساتھ انصاف کر سکتا ہے تو۔۔۔۔۔ تم اسے منا کے گھر واپس لے آئو اس گھر کے دروازے اس کے لیے ہمیشہ کھلے ہیں۔۔۔۔۔"

بات رہا گل مینے کا تو۔۔۔۔۔۔ام شہر وز خان کے ساتھ بات کر چکا ہے اسے زبان دے چکا ہے دودنوں کے بعد شہر وز خان کے بیٹے کے ساتھ نکاح ہے اس کا اور اب ام کوئی ی نیا تماشہ نہیں چاہتا۔۔۔۔۔"

www.novelsclubb.com

وہ گل مینے کی شکوہ کناں نظروں کو نظر انداز کرتے ہوئے ضرار پہ ایک نظر ڈال کے باہر نکل گ ئے۔۔۔۔۔

آغا جان کی باتیں سن کے وہ دونوں بہن بھائی زمین میں گڑھ کے رہ گئے تھے۔۔۔۔۔

پھر آہستہ آہستہ سب لوگ کمرے سے نکل گئے۔۔۔۔

المظ نے آخری بار کمرے سے جسے نکلتے دیکھا تھا وہ گل مینے تھی۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

پھر اس کے قدم خود بخود ضرار خان کی طرف اٹھے تھے

اگر کوئی ی اور وقت ہوتا تو وہ اپنی غلطی مانتی سب سچ بتا دیتی لیکن ابھی وہ وقت نہیں آیا تھا۔۔۔۔۔

وہ چلتی چلتی اس کے قریب گ ئی تھی۔۔۔۔۔

"لالا۔۔۔۔۔۔"

اس نے ضرار خان کے کاندھے پہ ہاتھ رکھا تو وہ چونکا۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"ام زر شاہ کو منا لے گا۔۔۔۔۔۔۔"

WWW.NOVELSCLUBB.COM

اس نے آنسو ضبط کرتے ہوئے ضرار کو تسلی دی تھی۔۔۔۔

"نہیں المظ اب وہ نہیں مانے گا۔۔۔۔۔"

وہ المظ کی طرف دیکھتے ہوئے بڑبڑایا تھا۔۔۔۔۔

المظ کو اس کی حالت۔۔۔۔۔۔ غیر لگی تھی۔۔۔۔۔

♥♥♥♥♥

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM

”دراب خان مجھے میری بیوی سے ملنا ہے تم ہوتے کون ہو مجھے روکنے والے۔۔۔۔۔۔“؟

وہ آپے سے باہر ہو گیا تھا اسی لیے کسی زخمی شیر کی طرح دراب خان پہ جھپٹا تھا اور ان کا گریبان پکڑ کے خون آشام نگاہوں سے انہیں دیکھتے ہوئے پھنکارا تھا۔۔۔

واجد لالا نے ناگواری سے ضرار خان کو دیکھا تھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

”پہلی بات وہ تم سے نہیں ملنا چاہتی دوسری بات۔۔۔۔۔۔میں اس کا بھائی ہوں۔۔۔۔۔۔“

WWW.NOVELSCLUBB.COM

دراب خان نے جارحانہ انداز میں اپنا گریبان چھڑاتے ہوئے سرد لہجے میں اسے بہت کچھ جتادیا۔۔۔۔۔

"کیسے بھائی ہو تم اپنی ہی بہن کا گھر خراب کر رہے ہو تم۔۔۔۔۔"

ضرار خان دھاڑا تھا۔۔۔۔

"آواز نیچی رکھ کے بات کرو تم یہ مت بھولو کے۔۔۔۔۔۔ تم امارے گھر میں کھڑا ہے۔۔۔۔۔"

www.novelsclubb.com

واجد لالا نے اسے ناگواری سے ٹوکا تھا۔۔۔۔

زرشاہ بالکل ایسے کھڑی تھی جیسے وہ کوئی پتھر کا بت ہو۔۔۔۔۔۔

المظ نے ایک سہمی ہوئی سی نگاہ دراب خان کے چہرے پہ ڈالی جہاں اجنبیت تھی۔۔۔۔۔

"یہ بات تمہیں تب یاد نہیں آئی جب تم نے میری بہن کو ذلیل کر کے گھر سے نکالا تھا اب کس منہ سے تم مجھے شرم دلا رہے ہو۔۔۔۔۔۔"

www.novelsclubb.com

دراب خان نے تاسف بھری نظروں سے اسے دیکھتے ہوئے ملامت بھرے لہجے میں کہا۔۔۔۔۔۔

''ہٹو آگے سے مجھے اپنی بیوی سے بات کرنے دو۔۔۔۔۔''

ضرار خان نے دراب خان کو پرے دھکیلا اور زر شاہ تک پہنچنے کی کوشش کی جو ان کے ایک طرف کھڑی تھی

تو دراب خان نے اسے آگے کی طرف دھکیلا وہ اوندھے منہ سید ھا زر شاہ کے قدموں میں گرا تھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

اس کے ناک سے بری طرح خون بہنے لگا تھا۔۔۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM

المظ کے منہ سے گھٹی گھٹی چیخ نکلی تھی جس کا گلا اس نے ہونٹوں پہ ہتھیلی جما کے گھونٹ دیا تھا۔۔۔

ضرار نے نظر اٹھا کے دیکھا تھا تو پہلی بار زرشاہ کے وجود میں حرکت پیدا ہوئی تھی۔۔۔۔

اس سے پہلے کے وہ دو قدم پیچھے جاتی ضرار نے اس کے پیر پکڑنے کی کوشش کی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"ہٹ جاؤ ضرار خان ام نفرت کرتا ہے تم جیسے مرد سے جسے پوری دنیا پہ یقین ہے سوائے اپنا بیوی کے۔۔۔۔"

وہ اتنے زور سے چیخی تھی کہ پوری حویلی میں ایک لمحے کے لیے صرف اس کی چیخ گونجی تھی۔۔۔۔۔

"ام تھوکتا ہے تم جیسے مرد پہ۔۔۔۔۔۔۔جو اپنی ہی عورت کو ذلیل کر دے۔۔۔۔۔۔"

اس نے ایک سرد نگاہ اس پہ ڈالی اور اسے ٹھوکر مار کے آگے بڑھ گئی۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

وہ فوراً اٹھ بیٹھا تھا۔۔۔۔۔

اس کا پورا جسم پسینے میں شرابور تھا۔۔۔

اس نے سر کو جھٹکا دے کے حواسوں میں لوٹنے کی کوشش کی۔۔۔۔۔

اسے لگا وہ انگاروں میں ہے۔۔۔۔“

اس نے یوں محسوس کیا جیسے اس کا پورا جسم بخار میں تپ رہا ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

”زرشاہ۔۔۔۔“

اس نے گردن یہاں وہاں گھما کے دیکھا۔۔۔۔

زرشاہ کہیں نہیں تھی

کھڑکی سے مدہم روشنی اندر کمرے کی زمین پہ ایک لکیر کی صورت میں آرہی تھی۔۔۔۔۔

یعنی ابھی رات نہیں ہوئی ی تھی

www.novelsclubb.com

اسے شدید کمزوری کا احساس ہو رہا تھا۔۔۔۔

اسے شدت سے پیاس کا احساس ہوا تو اس نے پاس ٹیبل پہ ہاتھ مار کے جاگ ڈھونڈنے کی کوشش کی

اس کی آنکھوں کے سامنے دھند چھانے لگی۔۔۔۔

اس کا ہاتھ جگ کے ساتھ ٹکرایا۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اور جگ زمین بوس ہو کے کرچی کرچی ہوا تھا۔۔۔

وہ تکیے پہ ڈھ سا گیا۔۔۔

دھند چھٹی تو اس نے جو آخری چہرہ دیکھا تھا وہ زرشاہ کا تھا۔۔۔

وہ زیر لب بڑبڑایا تھا۔۔۔۔۔

اس کے چہرے پہ مسکراہٹ پھیل گئی تھی۔۔۔۔

❤❤❤❤

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM

"دھڑام سے دروازہ کھلتے ہی زرشاہ بوکھلا کے اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئی ی

----

اس کے سامنے دراب خان کا دھواں دھواں چہرہ کسی انہونی کی طرف اشارہ کر رہا تھا۔۔۔۔

وہ دو قدم دراب خان کے قریب گ ئی۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"لالا۔۔۔۔۔"کیا ہوا۔۔۔۔۔"؟"

اس نے پریشانی سے ان کے کندھے پہ ہاتھ رکھا۔۔۔۔

”زرشاہ۔۔۔۔۔ضرار خان۔۔۔۔“

انہوں نے زرشاہ کے سر پہ ہاتھ رکھا۔۔۔

زرشاہ کو لگا چھت اس کے سر پہ آن گرا ہے۔۔۔۔

”لالا کیا ہوا ہے ضرار کو۔۔۔۔“؟

www.novelsclubb.com

اس کو اپنی آواز کسی کھائی ی سے آتی محسوس ہوئی ی۔۔۔

#تو_جو_ہمدرد_ہوا_میرا

#ایمان_خان

#قسط_14

nd last episode#2

------------------------------------

www.novelsclubb.com

''لالا ام تم سے پوچھ رہا ہے کیا ہوا ہے۔۔۔۔۔''؟؟

وہ دو قدم آگے آئی ی۔۔۔۔ پھر سر جھکا کے کھڑے دراب خان کو بازو سے پکڑ کے جھنجھوڑا۔۔۔

"وہ ہسپتال میں داخل ہے۔۔۔۔اس کی حالت ٹھیک نہیں ہے زرشاہ۔۔۔۔۔"

www.novelsclubb.com

ہسپتال میں بھی بار بار وہ تمہارا نام لے رہا ہے۔۔۔۔

انہوں نے اس کے سر پہ تسلی دینے والے انداز میں ہاتھ رکھا تو ان کے چہرے پہ ایسا کچھ تھا جس نے زرشاہ کو اندر سے جھنجھوڑ کے رکھ دیا۔۔۔

اس کے بعد جیسے ہر طرف دھند چھا گئی تھی کوئی ی چہرہ واضح نہیں رہا تھا

اس کے ذہن میں دن رات گردش کرتی۔۔۔۔۔ضرار کی باتیں بھی کہیں دب کے رہ گئی تھی

اور ہاں وہ آخری دھکا بھی وہ آخری تذلیل بھی۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

بہت سے چہرے آپس میں گڈمڈ ہوئے تھے اور جو آخری چہرہ بچا تھا وہ ضرار خان کا تھا۔۔۔۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM

وہ جو عہد اس نے خود سے کیا تھا۔۔۔۔اب کبھی وہ یہ چہرہ نہیں دیکھے گی اس کو آج یاد آیا تھا وہ چہرہ تو اس کے دل کے نہاں خانوں میں تھا۔۔۔

اس نے محسوس کیا وہ بھاگ رہی ہے دراب خان نے اسے پکارہ تو۔۔۔۔اس کے قدم تھم گئے ٹھہر کے انہیں دیکھا۔۔۔۔

میں ساتھ چلتا ہوں تمہارے۔۔۔۔"

www.novelsclubb.com

یہ آخری بات اس نے اپنے خوش و ہواس میں سنی تھی۔۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM

تھوڑی دیر بعد وہ ہسپتال کی راہداری سے تقریباً بھاگتے ہوئے ریسپشینٹ کے سامنے کھڑی غائب دماغی سے ایک ہی نام دہرا رہی تھی۔۔۔

"دراب خان کب اس کے پہلو میں آکے کھڑے ہوئے اسے کچھ پتہ نہ چلا۔۔۔۔

دراب خان اس کا بازو پکڑ کے اب مطلوبہ وارڈ کی طرف جا رہے تھے

دور سے شناسا چہروں کی جھلک نظر آئی تو وہ اس طرف بھاگی۔۔۔

www.novelsclubb.com

المظ نے کچھ بے یقینی سے دراب خان کو دیکھا۔۔۔

انہوں نے اسے یکسر نظر انداز کیا تو وہ نظر جھکا کے رہ گ ئی۔۔۔۔۔

”ضرار خان۔۔۔۔۔“؟؟

اس نے اپنے حواسوں میں لوٹتے ہی المظ سے جو پہلا سوال پوچھا تھا وہ یہی تھا۔۔۔۔

”المظ بجائے جواب دینے کے اس کے ساتھ لپٹ کے رو دی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"لالا کو برین ہمبرج ہوا ہے زرشاہ لالا ٹھیک نہیں ہے۔۔۔۔اس کو تمہارا بددعا لگ گیا ہے۔۔۔۔۔"

وہ ہچکیوں کے درمیان کہہ رہی تھی۔۔۔۔

"نہ المظام نے ضرار کو کبھی بددعا نھیں دیا وہ ٹھیک ہو جائے گا۔۔۔۔۔"

"ہانہ لالا۔۔۔۔۔"

پلٹ کے دراب خان سے تصدیق چاہی تو انہوں نے محظ سر ہلا دیا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

”ڈاکٹر کے باہر آتے ہی زرشاہ۔۔۔۔۔ڈاکٹر کی طرف لپکی تھی۔۔۔۔۔“

”ڈاکٹر ضرار خان ٹھیک تو ہے نا۔۔۔۔۔“

اس نے قریب ھو کے ایک دفعہ اور تصدیق چاہی۔۔۔۔۔

”آپ سب میں سے زرشاہ کون ہے۔۔۔۔“؟؟

www.novelsclubb.com

ڈاکٹر نے اس کے سوال کو یکسر نظر انداز کر کے سب کو ایک نظر دیکھا۔۔۔۔۔

”میں ہوں زر شاہ۔۔۔۔“

اس نے بے تاب ہو کے کہا۔۔۔

”مریض کو مکمل ہوش نہیں آ رہا غنودگی میں وہ بار بار ایک یہ ہی نام پکار رہے ہیں آپ ایک دفعہ۔۔۔۔۔مریض سے جا کے مل لے شاید ان کی حالت سنبھل جائے۔۔۔۔۔اس طرح ہم پر امید نہیں ہیں۔۔۔۔“

www.novelsclubb.com

ڈاکٹر ایک نظر زر شاہ کو دیکھ کے کاروباری انداز میں کہتے۔۔۔۔۔۔ہوئے آگے بڑھ گیا۔۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM

زرشاہ نے ایک درد بھری نظر۔۔۔۔۔دراب خان پہ ڈالی۔۔۔۔

اور وارڈ کا دروازہ کھول کے اندر چلی گ ئی۔۔۔۔۔

المظ نے ایک دفعہ پھر دراب خان کے تاثرات جانچنے کی کوشش کی

ان کا چہرہ ہنوز سپاٹ تھا۔

www.novelsclubb.com

♥♥♥♥♥

وہ جب دھیرے سے اندر داخل ہوئی ی تو ادویات کی مخصوص بو اس کے نتھنے چیرتی ہوئی ی آگے بڑھ گ ئی۔۔۔۔۔

اس نے چور نظروں سے بیڈ پہ سوئی یوں میں جھکڑے ضرار کو دیکھا تو اس کا دل کٹ کے رہ گیا۔۔۔۔

ایسا تو چھوڑ کے نہیں گ ئی تھی وہ اسے۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

وہ دھیرے دھیرے چلتی اس کے قریب آئی ی۔۔۔۔۔

تھوڑا جھک کے اس کا چہرہ دیکھا۔۔۔۔

جو ذرد پڑھ چکا تھا آنکھوں کے نیچے سیاہ ہلکے واضح تھے۔۔۔۔۔

اس نے اپنا گال اس کے گال کے ساتھ مس کیا اس نے محسوس کیا اس کا۔۔۔۔۔۔ چہرہ تپ رہا ہے۔۔۔۔۔

اس کی سانسیں بھی اکھڑی ہوئی ی تھی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

زرشاہ نے ہاتھ سے اس کے سامنے کے بال پیچھے کیے۔۔۔۔

اس کے جسم میں کوئی ی حرکت پیدا نہیں ہوئی ی تھی

اس نے دھیرے سے اس کے چہرے پہ ہاتھ پھیرا

اس کے وجود میں کوئی ی حرکت پیدا نہ ہوئی ی۔۔۔۔

اس نے اپنے لب اس کے دہکتے ہوئے ماتھے پہ رکھے تو کسی اپنے کا لمس محسوس کر کے۔۔۔۔اس کے لب دھیرے سے ہلے تھے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

”زرشاہ۔۔۔“

دھندلائی ی نظروں سے اس نے کالی چادر میں لپٹے وجود کو دیکھ کے ٹوٹے پھوٹے الفاظ ادا کیے۔۔۔۔۔

زرشاہ نے چونک کے سر اٹھایا لیکن اس کی آنکھیں ہنوز بند تھی۔۔۔۔۔

زرشاہ کو لگا یہ اس کا وہم ہے۔۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اس کی آنکھوں سے دو آنسو ٹوٹ کے ضرار کے چہرے پہ گرے۔۔۔۔۔ تو اس نے دھیرے سے آنکھیں کھولی تھی

وہ غنودگی میں تھا اسے سب کچھ وہم ہی لگ رہا تھا۔۔۔۔

اس نے دھیرے سے ہاتھ اٹھا کہ جیسے زرشاہ کا ہاتھ پکڑنے کی کوشش کی زرشاہ نے تڑپ کے اس کا ہاتھ تھام لیا تھا

ضرار کا شک یقین میں بدل رہا تھا۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

وہ زرشاہ ہی تھی۔۔۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM

اس نے ایک دفعہ پھر کہنے کی کوشش کی لیکن وہ بول نہیں پایا۔۔۔۔

زرشاہ نے محسوس کیا وہ بھی رو رہا ہے۔۔۔۔

"ہاں ضرار ام تمہارے پاس ہے ام تم کو چھوڑ کے اب کہیں نہیں جائے گا۔۔۔۔۔

اس نے اس کے ہاتھوں کو لبوں کے ساتھ لگاتے ہوئے کہا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

پتہ نہیں اسے سمجھ آئی ی تھی یا نہیں لیکن اس کی آنکھیں ایک دفعہ پھر بند ہو گ ئی تھی۔۔۔۔۔

اس کے جسم کا درجہ حرارت ایک دفعہ پھر بڑھ گیا تھا

وہ سانس بھی رک رک کے لے رہا تھا۔۔۔۔

اس کو اس طرح دیکھ کے زرشاہ کی حالت غیر ہو گ ئی تھی۔۔۔

وہ ڈاکٹر کو اونچی آواز میں پکارتی۔۔۔۔۔اس کا ہاتھ چھوڑ کے باہر کی طرف بھاگی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اس نے دھیرے سے آنکھیں کھولی دھندلاہٹ کے اس پار سفید کپڑے پہنے ضرار کا ہاتھ زرشاہ نے چھوڑ دیا تھا۔۔۔

♥♥♥♥♥

"اس سب کا ذمہ دار ام ہے۔۔۔۔"

دور چمکتے چاند کی مدہم روشنی میں مدہم ہوا کے ساتھ جھومتے آم کے درخت کی طرف دیکھتے اس نے ندامت سے کہا تو دراب خان نے محض اسے ایک نظر دیکھا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM

"المظ پچھتاوے ندامت کبھی گزرا ہوا وقت ہمیں واپس نہیں کر سکتی۔۔۔"

تمہارا ایک پچھتاوہ بھی ان لمحات کی اذیت کم نھیں کر سکتا جو میں نے اور میری بہن نے اذیت میں گزارے ہیں۔۔۔۔

"تمہاری ندامت ہر گز میری اور ثنا کی بے عزتی کا مداوہ نہیں ہو سکتی۔۔۔۔"

انہوں نے نیچے پکی زمین کو گھورتے عام سے لہجے میں بہت بڑی بات کہہ دی تھی۔۔۔

www.novelsclubb.com

"ام معافی مانگنے کو تیار ہے۔۔۔۔"

اس نے فوراً صفائی ی پیش کی

''اچھا المظ چلو تم نے مانگ لی معافی۔۔۔۔۔میں نے تمہیں معاف بھی کر دیا۔۔۔۔۔''کیا ہو گا اس معافی سے۔۔۔۔۔۔''؟؟؟

انہوں نے رخ اس کی طرف موڑ کے سوالیہ نظروں سے اسے دیکھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

''کیا تمہارا الالا۔۔۔۔۔۔ٹھیک ہو جائے گا۔۔۔۔۔''؟؟

WWW.NOVELSCLUBB.COM

”کیا زرشاہ اور ضرار میرا اور تمہارا رشتہ پھر پہلے جیسا ہو جائے گا۔۔۔۔“

انہوں نے ابرو ترچھا کر کے سوالیہ انداز اپنایا

وہ لاجواب ہو گئی تھی۔۔۔۔

”معافی کا جو بھی کانسپٹ ہے۔۔۔۔وہ کچھ بھی ہو پر یہ ہرگز نہیں ہے کہ اپنے ہوش و حواس میں دوسرے انسان کو تکلیف پہنچاؤ۔۔۔۔۔“ پھر معافی مانگ لو۔۔۔۔“

www.novelsclubb.com

”تو کیا تمہیں لگتا ہے کسی انسان کا تکلیف کا ازالہ ہے یہ لفظ۔۔۔۔“

تاسف سے سر جھٹک کے ایک دفعہ پھر راہداری سے اندر آتے لوگوں کو دیکھنے لگا۔۔۔۔۔

وہ دونوں اس وقت۔۔۔۔۔ ہسپتال کے پارکنگ ایریا کے ساتھ بنی چھوٹی سی لان نما جگہ پہ بیٹھے باتیں کر رہے تھے۔۔۔۔

وہ بالکل لاجواب ہو گیا تھا اور ساتھ ہی سر جھکا کے بیٹھ گ ئی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

آج اسے اس چیز کا احساس ہو رہا تھا کہ دراب خان زر شاہ اور ضرار نے اس کی وجہ سے کتنا سفر کیا تھا۔۔۔۔۔

"دراب خان۔۔۔۔"

اس نے تھوڑے وقفے کے بعد ان کو پکارا

انہوں نے گردن ترچھی کر کے اسے دیکھا۔۔۔۔

"کیا تم ام کو چھوڑ دے گا۔۔۔۔"؟؟

www.novelsclubb.com

اس نے کسی امید کے تحت دراب خان کی طرف دیکھا

وہ ایک گہری سانس لے کے رہ گیا۔۔۔۔

”المظ اس وقت مجھے چھوڑنے کا فیصلہ تمہارا تھا میں نے تمہیں روکنا چاہا تم نہیں رکی

۔۔۔۔۔۔“

لیکن۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

پلٹ کے ایک نظر اس کے جھکے ہوئے سر کو دیکھا

"لیکن اب تمہیں چھوڑنے کا فیصلہ میرا ہے۔۔۔۔۔"

انہوں نے پختہ لہجے میں کہا تو ایک لمحے کے لیے المظ سکتے میں آگ ئی۔۔۔

اس نے بے یقینی سے ان کی طرف دیکھا

ان کا چہرہ سپاٹ تھا۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"مجھے ضرار خان۔۔۔۔۔ شروع میں غلط لگتا تھا۔۔۔۔۔۔ لیکن۔۔۔۔۔ پھر میں نے سوچا۔۔۔۔۔ تو اس سے زیادہ میں نے خود کو غلط پایا۔۔۔۔۔"

وہ اس کے چہرے کے بدلتے تاثرات کو نظرانداز کر کے۔۔۔۔اپنی ہی دھن میں کہے جارہے تھے

جیسے وہ کچھ بھی سننے کا ارادہ نہ رکھتے ہو۔۔۔

”میں نے کبھی ایک ذمہ دار بھائی بن کے سوچا ہی نہیں میں نے کبھی اپنی بہن سے پوچھا ہی نہیں کہ وہ اپنے گھر میں خوش بھی ہے یا نہیں۔۔۔۔۔“

www.novelsclubb.com

”ضرار خان نے اپنی بہن کے لیے اپنا گھر تک توڑنے کا سوچ لیا اور میں کیا کرتا رہا خود غرضی سے۔۔۔۔۔تمہارے متعلق ہی سوچتا رہا۔۔۔۔“

وہ دکھی لہجے میں بول رہے تھے اور المظ سانس روکے انہیں دیکھ رہی تھی۔۔۔

"میری دعا ہے کہ اللہ ضرار کو صحت دے اور زرشاہ اور اس کا رشتہ قائم رہے لیکن المظ اگر ایسا نہیں ہوتے تو تم مجھ سے اس دفعہ اچھائی کی امید مت رکھنا اگر زرشاہ اور ضرار کا رشتہ نہ بچا تو میرا تمہارا رشتہ بھی نہیں بچے گا۔۔۔۔"

وہ چبھتی ہوئی نظروں سے۔۔۔اسے دیکھتے اٹھ کھڑے ہوئے۔۔۔

www.novelsclubb.com

"لالا۔۔۔۔۔۔۔"

زرشاہ نے پھولے ہوئے سانس کے ساتھ دراب خان کو پکارا تو وہ فوراً پلٹے۔۔۔

وہ بامشکل دیوار کا سہارا لے کے کھڑی تھی۔۔۔

اس کی سانس پھولی ہوئی تھی۔۔۔۔اس کا دھواں دھواں چہرہ کوئی اور ہی کہانی سنا رہا تھا

کسی انہونی کے احساس کے تحت۔۔۔المظ اپنا غم بھول کے فوراً اٹھ کھڑی ہوئی۔۔۔

www.novelsclubb.com

"ضرار خان ٹھیک سے سانس نہیں لے پا رہا۔۔۔۔"لالا۔۔۔"

وہ تقریباً رو دینے کو تھی۔۔۔۔

المظ نے ایک نظر دراب خان کو دیکھا پھر وہ فوراً اندر کی طرف بھاگی۔۔۔۔

♥♥♥♥

#تو_جو_ہمدرد_ہوا_میرا 💞

www.novelsclubb.com

#ایمان_خان 💞

#قسط_15 ❤️

---------------------------------------

ہسپتال کے ٹھنڈے فرش پہ اس کے قدموں کی چاپ صاف سنائی دے رہی تھی اس کی چال سے اس کی پریشانی واضح تھی۔۔۔۔۔۔

ایک طرف دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کے کھڑے۔۔۔۔۔دراب خان نے پر سوچ نظروں سے وارڈ کے باہر چکر کاٹتی۔۔۔۔۔زرشاہ کو دیکھا۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

جس کے انداز سے اس کی بے چینی کا اندازہ لگایا جا سکتا تھا

المنظ اپنی ماں کے گلے لگ کے کب سے روئے جارہی تھی وقفے وقفے سے وہ ایک شکایتی نگاہ۔۔۔۔۔دراب خان پہ بھی ڈال لیتی تھی جو اس کی طرف دیکھنے سے بھی گریز پا تھے۔۔۔۔۔

اسفندیار اور شیراز خان فلحال خاموشی سے ایک طرف کھڑے تھے۔۔۔۔۔

زرشاہ کو یوں محسوس ہو رہا تھا کہ ایک ایک لمحہ صدیوں کے برابر ہے۔۔۔۔۔۔۔

ڈاکٹر کو اندر وارڈ میں گ ئے ایک گھنٹے سے زیادہ ہو گیا تھا۔۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

لیکن زرشاہ کو یہ ایک گھنٹہ صدیوں کے برابر لگ رہا تھا

”لالا۔۔۔۔ڈاکٹر کیوں نہیں آرہا باہر۔۔۔۔۔۔“؟؟

آخر تھک کے وہ پریشانی سے دراب خان کی طرف لپکی۔۔۔۔۔

”زرشاہ آجائے گے باہر۔۔۔۔۔ صبر کرو۔۔۔۔۔۔“

www.novelsclubb.com

انہوں نے سنجیدگی سے کہا۔۔۔۔

تو اسی لمحے ڈاکٹر دروازہ کھول کے باہر نکلا تو سب ان کی طرف لپکے۔۔۔۔۔۔

''ضرار کیسا ہے۔۔۔۔۔۔''؟؟

سوال پوچھنے والی مورے تھی۔۔

المظ بھی اپنا رونا بھول کے ادھر متوجہ ہو گئی تھی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

''مریض کی حالت خطرے سے باہر ہے لیکن فلحال دواؤں کے زیر اثر آرام کر رہے ہیں۔۔۔۔۔ تھوڑی دیر بعد آپ ان سے مل سکتے ہیں۔۔۔۔۔۔''

مسکرا کے سب کو اطلاع دیتے ڈاکٹر۔۔۔۔آگے بڑھ گیا تھا۔۔۔۔

اور زرشاہ کی جان میں جان آئی ی تھی

اس کے دل کی مرجھائی ی ہوئی ی کلی ایک دفعہ کھل اٹھی تھی۔۔۔

المظ نے۔۔۔۔۔ایک نظر زرشاہ کو دیکھا

www.novelsclubb.com

پھر وہ اپنے جذبات پہ قابو نہ رکھ پائی ی۔۔۔۔۔

اور زرشاہ کے ساتھ لپٹ گ ئی۔۔۔۔

وہ دونوں زار و قطار رو رہی تھی لیکن یہ آنسو خوشی کے تھے

کھو کے دوبارہ بہت کچھ پانے کی خوشی۔۔۔۔۔

اور دوبارہ کسی کو پالینے کی خوشی۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

زرشاہ کی دراب خان کی طرف پیٹھ تھی۔۔۔۔۔۔۔اور المنظ کا چہرہ۔۔۔۔۔۔

المظ نے ڈرتے ڈرتے نظر اٹھائی ی تو دراب خان۔۔۔۔۔۔اسی کی طرف دیکھ رہے تھے۔۔۔۔

اس نے نظریں ایک دفعہ پھر جھکا دی۔۔۔۔۔

سب آہستہ آہستہ اندر ضرار کو دیکھنے جا رہے تھے۔۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

مورے نے دروازے میں کھڑے ہو کے زرشاہ کو پکارا تو وہ المظ سے علیحدہ ہو کے پیچھے پلٹی۔۔۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM

اسے مورے شرمندہ سی لگ رہی تھی۔۔۔۔

المظ انگلیاں مڑوڑتے ہوئے سر جھکا کے کھڑی تھی اور دراب خان اسے بڑی گہری نظروں سے دیکھ رہے تھے۔۔۔۔

لیکن اس میں اتنی ہمت نہیں تھی کہ وہ سر اٹھائے۔۔۔۔

"دراب کو ہوش آگیا ہے" وہ تم کو بلا رہا ہے۔۔۔۔۔"

www.novelsclubb.com

شرمندہ سے لہجے میں کہتے ہوئے مورے ایک طرف ہو کے کھڑی ہو گئی۔۔۔۔۔

زرشاہ نے پلٹ کے کچھ ہچکچاتے ہوئے۔۔۔۔۔دراب خان کی طرف دیکھا۔۔۔۔۔

جن کے چہرے پہ سنجیدگی تھی۔۔۔۔

انہوں نے محض سر جھکادیا تو وہ نپے تلے قدم اٹھاتی۔۔۔۔۔اندر ضرار کی طرف چلی گئی۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

مورے۔۔۔۔۔۔ایک نظر المظ اور دراب خان پہ ڈال کے۔۔۔۔۔۔۔ ہسپتال کی کینٹین کی طرف چلی گئی۔۔۔۔

شیراز خان اور اسفند خان ہسپتال کے بل کلئیر کرنے گئے ہوئے تھے۔۔

المظ کی دونوں بھابھیاں گھر میں۔۔۔۔۔۔ گل مینے کے ساتھ تھی دودن بعد اس کا نکاح تھا کارڈ وغیرہ بٹ چکے تھے یہ ایک الگ پریشانی تھی۔۔۔

اب ادھر صرف المظ اور دراب خان تھے

www.novelsclubb.com

دونوں۔۔۔۔۔ہی ایک دوسرے کو مخاطب کرنے سے گریز پا تھے۔۔۔۔۔۔

المنظ کافی دیر سر جھکا کے کھڑی رہی۔۔۔۔پھر اس نے سر اٹھایا

دراب خان اب بھی اس کی طرف ہی دیکھ رہے تھے۔۔۔

"اب تو لالا ٹھیک ہو گیا ہے اب تم نے کیا سوچا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔"؟؟

سر جھکائے ہی اس نے ڈرتے ڈرتے۔۔۔۔۔دراب خان کو مخاطب کیا تھا۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"میں کیا سوچ سکتا ہوں۔۔۔۔۔"

جواب لاپروائی ی سے آیا تھا

اس لاپروائی ی پہ وہ کلس کے رہ گ ئی

اس کی آنکھیں لبالب پانیوں سے بھر گ ئی۔۔۔۔

زخمی نظروں سے دراب خان کو دیکھ کے رہ گ ئی۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"تم پہلے ایسے تو نہ تھے۔۔۔۔۔"

WWW.NOVELSCLUBB.COM

شکوہ کناں نظروں سے انہیں دیکھتے اس نے دکھی لہجے میں کہا تو انہوں نے پلٹ کے ایک طنزیہ نگاہ اس پہ ڈالی۔۔۔۔۔

"یہ ہی تو افسوس ہے اگر میں پہلے سے ایسا ہوتا تو۔۔۔۔۔۔آج یہ سب نہ ہوتا۔۔۔۔۔"

تاسف سے کہتے وہ پھر رخ موڑ گئے۔۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"کچھ بھی نہیں ہوا در اب خان سب ٹھیک ہو گیا ہے ضرار ٹھیک ہو گیا ہے زرشاہ اب امارے ساتھ امارے گھر چلا جائے گا ام ضرار کو سب سچ بتا دے گا۔۔۔۔۔اگر تم کہتا ہے ام ثنا سے بھی معافی مانگ لے گا پر تم ام کو مت چھوڑو۔۔۔۔۔"

WWW.NOVELSCLUBB.COM

اس کی آنکھوں سے آنسو گر رہے تھے۔۔۔۔۔۔وہ تکلیف میں تھی اس بات کا اندازہ دراب خان کو بھی ہو رہا تھا۔۔۔۔

ارد گرد سے گزرتے لوگوں کی توجہ اس طرف نہیں تھی۔۔۔۔۔۔یہ ہسپتال تھا اور یہاں ہر روز ہی کوئی نہ کوئی اپنے پیارے کے لیے روتا تھا۔۔۔

اور ادھر آ کے دراب خان ایک دفعہ پھر پگھل گئے تھے

www.novelsclubb.com

اس سے زیادہ وہ اپنے دل کو۔۔۔۔۔۔سخت نہیں کر سکتے تھے۔۔۔۔۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM

مرد کا دل اپنی من پسند عورت کے سامنے ہی پسیج جاتا ہے۔۔۔۔

انہوں نے اسے کندھے سے تھاما اور ایک طرف بینچ پہ لے گ ئے۔۔۔۔

ادھر بیٹھ کے انہوں نے پہلے اس کے آنسو پونچھے پھر اس کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیا۔۔۔۔

"تمہیں کسی سے بھی معافی مانگنے کی ضرورت نہیں ہے سوائے زرشاہ کے بات رہی ثنا کی تو اس کے اور اس کے شوہر کے کچھ مسائ ل تھے میں نے وہ مسائ ل حل کیے اور وہ اپنے گھر واپس چلی گ ئی بس۔۔۔۔" میرا اشارا ان مردوں میں

www.novelsclubb.com

نہیں ہوتا جو اپنی بیوی کو۔۔۔۔۔ جھکا کے خوشی محسوس کرتے ہیں۔۔۔۔۔۔''میں تمہیں تکلیف نہیں دینا چاہتا تھا میں صرف تمہیں احساس دلانا چاہتا تھا۔۔۔۔۔''

وہ اس کے ہاتھ کو دباتے اسے تسلی دے رہے تھے۔۔۔۔۔

''یہ جو عورتیں کہتی ہیں نہ باہر والی عورت کیوں ہے ہمارا شوہر کسی باہر والی عورت سے بات کرے بھی کیوں۔۔۔۔۔۔''؟؟ اور پھر یہ سوچ سوچ کے کڑھتی رہتی ہیں میں سوچتا ہوں اس وقت وہ اپنی پوزیشن کیوں بھول جاتی ہیں۔۔۔۔۔۔''مرد کی فطرت ہے۔۔۔۔۔۔ آپ مرد کو باندھ کے نہیں رکھ سکتی اگر اس کا ہاتھ آپ کے ہاتھ میں بھی ہے اس کی نظر پھر بھی دوسری عورت پہ اٹھے گی۔۔۔۔۔ آپ اسے یہ کرنے سے روک نہیں سکتی۔۔۔۔۔۔''لیکن آپ کم از کم اپنی پوزیشن سمجھ

WWW.NOVELSCLUBB.COM

سکتی ہیں۔۔۔۔۔۔آپ اس کے گھر میں ہیں۔۔۔۔۔چار گواہان کی موجودگی میں وہ آپ کو بیاہ کے لایا ہے آپ کو عزت دی ہے۔۔۔۔۔۔۔''کوئی ی باہر کی عورت آپ کی جگہ کیسے لے سکتی ہے۔۔۔۔۔''؟

انہوں نے ایک نظر اس کے جھکے ہوئے سر کو دیکھا پھر محبت سے اسے سمجھایا۔۔۔۔۔

''تم کا ساری باتیں ٹھیک ہو گا دراب خان لیکن کوئی ی بھی عورت اپنا بندہ نہیں بانٹ سکتا عورت۔۔۔۔۔بھوکی سو سکتی ہے لیکن اپنا شوہر نہیں بانٹ سکتا۔۔۔۔۔''

www.novelsclubb.com

اس نے اپنی آنکھیں رگڑتے ہوئے تیز لہجے میں کہا

تو وہ اپنی مسکراہٹ ضبط کر کے رہ گئے۔۔۔۔۔

"لیکن ام تو دوسری شادی کا سوچ رہا تھا۔۔۔۔۔۔"

انہوں نے مصنوعی سنجیدگی سے کہا

www.novelsclubb.com

تو اس نے آنکھیں پھیلا کے دیکھا۔۔۔۔۔۔

"ام کو فرق نہیں پڑتا۔۔۔۔

اس نے سامنے کے بال جھٹک کے لاپرواہی کا مظاہرہ کیا

اب کی بار حیران ہونے کی باری۔۔۔۔۔دراب خان کی تھی۔۔۔۔

"وہ سامنے سے جو نرس آ رہی ہے کتنی خوبصورت ہے۔۔۔۔۔"

www.novelsclubb.com

انہوں نے تھوڑی کے نیچے ہاتھ جما کے سامنے سے آتی نرس کی تعریف کی

توالمنظ تلملا کے رہ گئی۔۔۔۔

فوراً سے ہاتھ ان کی آنکھوں پہ رکھ دیا۔۔۔۔۔

انہوں نے خفگی سے اسے گھورا۔۔۔

وہ کھسیانی ہنسی ہنسی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

تودراب خان بھی کھلکھلا کے ہنس دیئے۔۔۔۔۔۔

♥♥♥♥♥

زرشاہ نے کچھ ہچکچاتے ہوئے پہلا قدم اندر رکھا۔۔۔۔۔ پھر سر جھکا کے وہ آگے بڑھی۔۔۔۔

اندر کمرے میں خاموشی تھی۔۔۔۔۔

اس نے دھیرے سے سر اٹھایا تو اس کا دل کی دھڑکن تیز ہوئی ی۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

وہ پیچھے سرہانے کے ساتھ ٹیک لگا کے بیٹھا نقاہت ذدہ سا لگ رہا تھا۔۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM

زرشاہ کو اندر آتے دیکھ وہ رسماً مسکرایا

وہ جواب میں مسکرا بھی نہ سکی۔۔۔۔

"ادھر آؤ امارے قریب۔۔۔۔۔"

مدہم سی آواز سماعتوں سے ٹکرائی ی تو نا چاہتے ہوئے بھی اس کے قدم اس طرف اٹھنے لگ گئے۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اس کے قریب پہنچ کے بھی اس نے سر نہیں اٹھایا تھا۔۔

"مجھے لگا میں تمہیں اب کبھی دوبارہ نہیں دیکھ پاؤں گا۔۔۔۔۔۔"

اس کے لہجے میں ندامت تھی دکھ تھا شرمندگی تھی۔۔۔۔۔

زرشاہ اس کے سوئیوں میں جکڑے ہاتھ کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔

"اور میرے جیسے انسان کی سزا بھی یہ ہی تھی کہ میں دوبارہ تمہیں کبھی نہ دیکھ سکوں۔۔۔۔۔۔"

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM

وہ کھوئے ہوئے لہجے میں اپنی بات جاری رکھے ہوئے تھا۔۔۔۔

زرشاہ کی نظریں ہنوز ادھر ہی جمی ہوئی سی تھی۔۔۔۔

"مجھے تمہیں کھونے سے کبھی خوف نہیں آیا۔۔۔۔۔"

اس نے اب زرشاہ کی طرف دیکھا تھا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"یہاں تک کے تم نے طلاق کا مطالبہ بھی کر دیا تھا۔۔۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM

زرشاہ نے پہلی دفعہ سر اٹھایا تھا

اس کی آنکھوں میں کچھ چمکا تھا

شاید نمی۔۔۔۔

"لیکن مجھے اس رات واقعی ہی خوف آیا تھا مجھے لگا کے میں اگر تمہیں اپنی زندگی میں منا نہ پایا تو۔۔۔۔۔۔پھر۔۔۔۔شاید تم میرے جنازے پہ بھی نہ آؤ۔۔۔۔۔"

www.novelsclubb.com

زرشاہ کی آنکھوں سے ایک آنسو ٹوٹ کے اس کے ہاتھ پہ گرا تھا۔۔۔۔۔

"تم ایسا کیسے سوچ سکتے ہو امارے بارے میں ام نے ہمیشہ تمہاری زندگی کے لیے دعا کیا ہے۔۔۔۔۔۔"اگر تم کو کچھ ہو جاتا تو ام بھی مر جاتا۔۔۔۔۔"

اس نے اس کے ہاتھ پہ ہاتھ رکھ کے تڑپ کے کہا

تو وہ فقط مسکرا دیا۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"کیا محبت کرتی ہو مجھ سے۔۔۔۔۔"

یہ سوال بالکل غیر متوقع تھا۔۔۔۔

زرشاہ نے سر اٹھایا تو وہ بہت گہری نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

"اگر ام محبت نہ کرتا تو یہاں نہ ہوتا۔۔۔۔۔"

اس نے نظریں چراتے ہوئے بات کو گول کر دیا

www.novelsclubb.com

تھوڑی دیر کے لیے خاموشی چھا گئی۔۔۔۔

مجھ سے نہیں پوچھ گی۔۔۔۔‘‘؟؟

وہ جانچتے ہوئے لہجے میں پوچھ رہا تھا۔۔۔۔

’’نہیں کیونکہ جواب ام جانتا ہے۔۔۔۔۔‘‘

اس نے کچھ تلخی سے کہتے ہوئے رخ موڑ لیا۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

’’اچھا تو کیا جواب ہے مجھے بھی بتاؤ۔۔۔۔۔۔‘‘۔۔۔

اس نے دلچسپی سے کہا۔۔۔۔

”یہی کے تم ام سے نہیں بلکے گل مینے سے محبت کرتا ہے۔۔۔۔۔“

اس نے صاف گوئی ی کا مظاہرہ کیا۔۔۔۔

تو وہ قہقہہ لگا گے ہنسا۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

زر شاہ نے کچھ حیرت سے اسے دیکھا۔۔۔۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM

"یار تم خود سے اندازے ہی کیوں لگاتی ہو اگر گل مینے سے مجھے اتنی ہی محبت ہوتی نا تو اس گھر میں تم نہ ہوتی۔۔۔۔۔۔ گل مینے۔۔۔۔۔ سے شادی کرنا میرے لیے مشکل نہیں تھا لیکن تم سے شادی کرنا میرے لیے بہت مشکل تھا۔۔۔۔۔۔"

اس نے برا مناتے ہوئے خفگی سے کہا

توزر شاہ نے کچھ نا سمجھی سے اس کی طرف دیکھا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"بہنوں کی طرح ہے وہ میری۔۔۔۔۔ میں پچھلے چار سالوں سے آپ کی زلفوں کا اسیر ہوں۔۔۔۔۔"

WWW.NOVELSCLUBB.COM

اس نے کہہ کے ناراضگی سے رخ پھیر لیا۔۔۔۔۔

تو زرشاہ کو اپنی سماعتوں پہ یقین نہیں آیا۔۔۔۔

"ایسا کیسے او سکتا ہے۔۔۔۔۔"

اس نے اس کے کاندھے پہ ہاتھ رکھ کے تصدیق چاہی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"ایسا ہو چکا ہے نہیں تو تمہیں کیا شکل سے میں پاگل لگتا تھا جو کسی دوسرے کے معاملے میں کود پڑا۔۔۔۔" "اعتراف میں نے آج تک اس لیے نہیں کیا کہ تم اعتراف کر واپنی موجودگی کا احساس دلاؤ۔۔۔۔۔" گل مینے والے معاملے میں

WWW.NOVELSCLUBB.COM

مجھ سے زیادتی ہو گئی تھی۔۔۔۔۔باقی جو بھی تھا میں غصہ دلانے کے لیے کرتا تھا

وہ اتنے آرام سے اسے بتا رہا تھا۔۔۔۔اور زرشاہ کا دل چاہ رہا تھا اگر وہ ہسپتال کے بیڈ پر نہ ہوتا۔۔۔۔۔۔تو وہ کوئی چیز اٹھا کے اس کے سر پہ دے مارتی۔۔۔۔

"کتنا برا ہے نا تم۔۔۔۔"

www.novelsclubb.com

اس نے تاسف سے کہا۔۔۔

"جیسے بھی ہوں اب تمہارا ہوں۔۔۔۔"

اس نے محبت سے اس کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیتے ہوئے ذو معنی لہجے میں کہا۔۔۔۔تو وہ جھنپ گ ئی۔۔۔۔

"ام کو تو لالا بلا رہا تھا۔۔۔۔

اس نے تیزی سے ہاتھ چھڑایا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"ہاں ہاں جاؤ لالا کے پاس اسے بتا آؤ کہ تم ہسپتال سے سیدھا اپنے گھر جاؤ گی چاہے وہ اپنی بیوی کو لے کے جانے پہ رضامند ہو یا نہ ہو۔۔۔۔۔۔"

WWW.NOVELSCLUBB.COM

اس نے ہنسی ضبط کرتے ہوئے مصنوعی سنجیدگی سے کہا۔۔۔

"وہ آپ سے زیادہ بے چین ہے ادھر نہیں چھوڑے گا اب اسے۔۔۔۔"

اسے گھوری سے نواز کے وہ جیسے ہی باہر نکلی اسے خوشگوار حیرت ہوئی ی۔۔۔۔

المظ اپنے سابقہ انداز میں دراب خان کو کوئی ی قصہ سنا رہی تھی اور دراب خان محبت پاش نظروں سے اسے دیکھ رہے تھے۔۔۔

www.novelsclubb.com

ان کے قریب پہنچ کے وہ کھنکاری تو دراب خان گڑبڑا کے پیچھے مڑے۔۔۔۔

''صلاح ہو گیا تمہارا الملظ۔۔۔۔۔''لالا سے کان پکڑوایا کہ پاؤں۔۔۔۔۔''

اس نے دراب خان کی طرف تھوڑا جھک کے ذرا جتانے والے لہجے میں انہیں چھیڑا۔۔۔۔۔

''پہلے اس نے کان پکڑا۔۔۔۔۔۔ام نہیں مانا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اس نے مصنوعی کالر جھاڑے۔۔۔۔

زرشاہ نے متاثر کن نظروں سے اسے دیکھا۔۔۔

پھر پاؤں پکڑے تو معاف کر دیا۔۔۔

المظ کے اس قدر صفائی ی سے بولے گ ئے جھوٹ پہ وہ کانوں کو ہاتھ لگا کے رہ گ ئے۔۔۔

زرشاہ بھی اپنی ہنسی قابو میں نہ رکھ سکی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"ام کو چھوڑ ولالا سے تم نے کان پکڑ وائے یا یوں ہی مان گ ئی۔۔۔"

وہ گھوم کے اس کے قریب آئی ی اس کے کندھے پہ ہاتھ رکھ

کے۔۔۔۔۔ مشکوک لہجے میں پوچھا

توزر شاہ نے ادھر سے کھسکنے میں ہی عافیت جانی۔۔۔۔۔

وہ ام ڈاکٹر سے پوچھ کے آتا ہے کہ ضرار کب ڈسچارج ہو گیا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

تیزی سے کہہ کے وہ وہاں سے چلی گ ئی۔۔۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM

المنظ نے ایک نظر دراب خان کو دیکھا۔۔۔۔

پھر ان کا ہاتھ پکڑ کے انہیں ہسپتال سے باہر کی طرف لے کے جانے لگی۔۔۔۔

♥♥♥♥

پوری حویلی رنگ برنگی بتیوں کے زیر اثر چمک رہی تھی آسمان پہ چمکتا پورا چاند۔۔۔۔۔۔۔ جیسے ہر شہ کو دیکھ کے مسکرا رہا تھا۔۔۔۔۔ مسکراہٹیں۔۔۔۔۔۔ ہر سو بکھری ہوئی ی تھی قہقہے ہر سو اپنا رنگ بکھیر رہے تھے۔۔۔۔۔۔اس نے تھوڑا جھک کے نیچے دیکھا تو ایک نو دس سال کا بچہ ہاتھ میں چنگاری سی لیے۔۔۔۔۔ یہاں وہاں گھوم رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ

www.novelsclubb.com

دھیرے سے ہنس دی۔۔۔۔اسے محسوس ہی نہیں ہوا کہ کب ضرار اس کے پیچھے آ کے کھڑا ہو گیا تھا۔۔۔

اس نے گلا کھنکار کے اسے جیسے متوجہ کیا۔۔۔۔

وہ پلٹی۔۔۔

تو اس دن کی طرح اس کے سینے کے ساتھ ٹکراتے ٹکراتے بچی۔۔۔

www.novelsclubb.com

اس نے ایک نظر گھور کے اسے دیکھا۔۔۔۔

وہ اسے شرارتی نظروں سے گھور رہا تھا۔۔۔۔

"تمہیں پتہ ہے۔۔۔۔۔میں تھوڑا سا کنفیوز ہوں۔۔۔۔۔۔"

اس نے چہرے پہ گہری سنجیدگی۔۔۔۔۔سجائے ذرا الجھن بھرے لہجے میں کہا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

تو اس نے ایک ابرو استفہامیہ انداز میں اٹھایا۔۔۔۔

”اب آسمان پہ بھی ایک چاند چمک رہا ہے اور ایک چاند میرے پہلو میں کھڑا ہے مجھے سمجھ نہیں آرہی زیادہ خوبصورت کون ہے۔۔۔۔“؟؟

اس نے انگلی چاند کی طرف اٹھا کے معصومیت سے کہا

تو نہ چاہتے ہوئے بھی وہ ہنس دی۔۔۔

پھر ایک ادا سے بازو اس کی گردن کے گرد حمائل کر کے ذرا قریب ہوئی۔۔۔

www.novelsclubb.com

”تم کو زیادہ خوبصورت کون لگتا ہے۔۔۔۔۔۔“؟؟

اس نے ایک ادا سے اٹھلاتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔

تو اس نے کچھ دیر سوچا۔۔۔۔

"یار میرا چاند۔۔۔۔۔"

اس نے محبت پاش نظروں سے اسے دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔۔

تو وہ جھنپ گ ئی۔۔۔۔۔

"لیکن تم اب مجھے کبھی چھوڑ کے تو نہیں جاؤ گی۔۔۔۔۔۔"

اس نے اس کے دونوں ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں لیتے ہوئے۔۔۔۔مان سے کہا۔۔۔۔

"تم کو کیا لگتا ہے۔۔۔۔۔۔"؟؟

www.novelsclubb.com

اس نے الٹا اس سے سوال پوچھ لیا۔۔۔۔

"مجھے یہ لگتا ہے تم ایک باوفا بیوی ہو۔۔۔۔۔۔"ایک صابر لڑکی ہو اور یہ کہ تم مجھ سے بہت محبت کرتی ہو اتنی محبت کے ایک عدد شادی کی اجازت بھی تم مجھے آسانی سے دے دو گی۔۔۔۔۔"؟؟

رک کے اس کے تاثرات دیکھے۔۔۔۔

جو ابھی تک مسکرا کے۔۔۔۔۔اس کی بات سن رہی تھی یکدم اس کے تاثرات بدلے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ٹھہر کے اچھنبے سے اسے دیکھا

بات سمجھ آتے ہی۔۔۔۔۔۔ہاتھ کا مکا بنا کے اس کے کندھے پہ جھڑ دیا۔۔۔۔

وہ بے چارگی سے اسے دیکھ کے رہ گیا۔۔۔۔

"پھر اپنی کانوں کو معذرت خوانہ انداز میں چھوا۔۔۔

وہ اسے دیکھ کے مسکرا دی تو اس نے ایک دفعہ پھر اس کے دونوں ہاتھ اپنے لبوں کے ساتھ لگا لیا۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"ام کو لگتا ہے گل مینے اپنی شادی سے خوش نہیں ہے۔۔۔۔۔"؟؟

موقع دیکھ کے اس نے وہ بات کہہ ہی دی جو بات اسے پریشان کر رہی تھی۔۔۔

اس نے کچھ دیر سنجیدگی سے اسے یوں دیکھا جیسے اسے یہ بات ناگوار لگی ہو۔۔۔۔

"اگر نہیں بھی خوش تو وہ ٹھیک ہو جائے گی۔۔۔۔"

اس نے کچھ اس سنجیدگی سے ختمی لہجہ اپنایا کہ زرشاہ وہی چپ ہو گئی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"تم جنت ہو میری۔۔۔۔۔"

اس کی خاموشی بھانپ کے اس موضوع بدل دیا۔۔

"میں سمجھ گیا ہوں۔۔۔۔۔ کہ نیک بیوی بھی اللہ کی ایک نعمت ہوتی ہے اور بد قسمت ہے وہ مرد جو ایسی بیوی کی قدر نہیں کرتا۔۔۔۔ میں شکر گزار ہوں کہ اللہ نے مجھے بروقت احساس دلا دیا۔۔۔۔"

وہ تشکر بھرے لہجے میں اس کے کانوں میں سحر پھونک رہا تھا

www.novelsclubb.com

اور وہ نم آنکھوں سے اپنے سامنے کھڑے اس شخص کو دیکھ رہی تھی جو اس کا نصیب تھا۔۔۔۔ یہ وہ انسان تھا جو اس کا نصیب تھا۔۔۔۔ اس نے برا وقت بھی دیکھا تھا اب اچھا وقت اس کا منتظر تھا۔۔۔۔

بے شک جو لوگ۔۔۔۔۔سیدھا رستہ چنتے ہیں۔۔۔ایک وقت آتا ہے اللہ ان کے لیے راستے آسان کر دیتا ہے

اور اس کے راستے آسان تھے منزل صاف۔۔۔۔

وہ آسمان پہ چمکتے چاند کو دیکھ کے مسکرا دی۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

♥♥♥♥♥

”دراب خان۔۔۔۔۔“

دھڑام سے دروازہ توڑنے والے انداز میں وہ چھوٹی سی لڑکی کسی آندھی طوفان کی طرح اندر داخل ہو کے کسی آفت کی طرح ٹوٹی تھی۔۔۔۔۔

انہوں نے دل ہی دل میں کانوں کو ہاتھ لگایا۔۔۔۔۔

"جی اب کیا ہو گیا ہے۔۔۔۔۔"؟؟

www.novelsclubb.com

انہوں نے گہری سانس بھرتے ہوئے پلٹ کے ایک نظر اپنے پیچھے کھڑی۔۔۔۔۔اس چھوٹی لڑکی کو دیکھا۔۔

جو کھا جانے والی نظروں سے انہیں دیکھ رہی تھی۔۔۔

"تم نے ام کو پہلے کیوں نہیں بتایا کہ گل مینے کی مہندی پہ تم کالا رنگ پہنے گا۔۔۔۔"

وہ دونوں ہاتھ کمر کے رکھ کے کسی تھانے دار کی طرح ان کے روبرو آکے کھڑی ہو گئی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

انہوں نے ایک نظر اپنے سامنے کھڑی لڑکی کو دیکھا جو اس وقت مہندی رنگ کے لہنگے میں تھی۔۔۔۔اور انہیں ایسے گھور رہی تھی جیسے وہ کوئی بہت بڑا گناہ کر چکے ہو۔۔۔۔۔

"تو شاپنگ تو تم نے اپنی مرضی سے کیا تھا ہسپتال میں اپنے بیمار بھائی کو چھوڑ کے۔۔۔۔۔"

انہوں نے بھی سارے لحاظ بلائے طاق رکھ کے۔۔۔ ناک چڑھا کے اسے جلی کٹی سنادی۔۔۔۔

دراب خان کے منہ سے ایسے الفاظ سن کے۔۔۔۔۔ اس کا منہ کھلا کا کھلا رہ گیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

"خان صاحب تم طعنہ مار رہا ہے۔۔۔۔۔"

WWW.NOVELSCLUBB.COM

اس نے ابرو ترچھا کر کے تصدیق چاہی۔۔۔۔

دراب خان جو آئی نے کے سامنے کھڑے۔۔۔۔۔بال۔۔۔۔۔سیٹ کر رہے تھے۔۔۔۔۔

پلٹ کے ایک دل جلا دینے والی مسکان کے ساتھ اسے دیکھا۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

"نہیں تم کو حقیقت بتا رہا ہوں۔۔۔۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM

جتا کے ایک دفعہ پھر پلٹ گ ئے۔۔۔۔

المظ کے تو سر پہ لگی تلوؤں پر بجھی۔۔۔۔۔۔

سائی یڈ پہ پڑی ٹیبل۔۔۔۔۔۔ کھینچ کے ان کے قریب کی۔۔۔۔

اس پہ کھڑی ہو کے ان کے قد تک آنے کی ایک کوشش۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

''تمہاری اتنی ہمت کہ تم ام کو ایسے بولو۔۔۔۔۔''

اور ایک ہی جھٹکے میں ان کے ترتیب سے سیٹ کیے بال۔۔۔۔۔ خراب کر دی ئے۔۔۔۔۔

وہ بیچارگی سے اسے دیکھ کے رہ گ ئے۔۔۔۔۔

''ام تمہارے بغیر ہی ٹھیک تھا۔۔۔۔

صدمے کے زیر اثر ان کے منہ سے اتنا ہی نکلا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

''لیکن اب تو تم کو امارے ساتھ ہی رہنا ہے۔۔۔۔۔۔ وہ ہنستے ہوئے ٹیبل سے اتر کے نیچے کھڑی ہو گ ئی۔۔۔۔۔۔۔

پھر باہر جاتے جاتے پلٹی۔۔۔۔۔

”اب ام تمہارا انتظار کر رہا ہے جلدی جلدی باہر آنا۔۔۔۔۔عورتوں جیسی تیاری ہے تمہاری۔۔۔۔۔۔“

تیز لہجے میں کہتی وہ دروازہ کھول کے باہر نکل گئی۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

دراب خان نے افسوس سے سر ہلایا

جیسے ہی پلٹ کے شیشے میں اپنے آپ کو دیکھا ان کی ہنسی چھوٹ گئی۔۔۔۔

”یہ لڑکی ہمیشہ انہیں پریشان کرتی تھی لیکن یہ بھی ایک حقیقت تھی کہ اس لڑکی کے بغیر ان کی زندگی کچھ نہیں تھی۔۔۔۔۔۔“

ختم شد۔۔۔۔

www.novelsclubb.com